سوال

(17)ایمان کی تکمیل

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

?Kiaemaankitakmeelin11cheezonsehotihy

Kalimataiba.1

Nmaz.2

Roza.3

Hajj.4

Zkaat.5

Allahparemaan.6

Farishtonparemaan.7

Asmanikitabonparemaan.8

Rasoolonparemaan.9

Akhiratkdinparemaan.10

Achiburitaqdeerparemaan.11

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اگرچہ یہ امور بھی ایمان کا حصہ ہیں لیکن ان امور پر ایمان کی تکمیل کر دینا شاید درست نہیں ہے۔ کیونکہ کسی بھی حدیث میں ان امور کو ایمان کی تکمیل قرار نہیں دیا گیا۔ نیز یاد رہے کہ ایمان کی ستر سے کچھ اوپر شاخیں ہیں جن کی وضاحت کرتے ہوئے نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

''الإِيمَانُ بِضْعٌ وَسِتُّونَ شُعْبَةً وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الإِيمَانِ'' البخاري 23

ایمان کی ستر سے کچھ اوپر شاخیں ہیں۔ اور حیا ایمان کی ایک شاخ ہے۔

امام بخاری نے صحیح بخاری کے کتاب الایمان میں ایمان کی ان تمام فروع پر ابواب قائم کئے ہیں۔ تفصیلات کے لئے صحیح بخاری کا مطالعہ فرمائیں۔

ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1